3 Jul,2007

Press Release

کراچی (پ ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے ہنگامی اجلاس میں ایک بار پھر سندھ اور بلوچستان میں ہولناک بارش اور سیلاب سے آنے والی تباہی، جانی ضیاع اور اس آفت سے متاثر ہونے والے افراد کے لیے گہرے دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا ہے اور فوری طور پر متاثرین کو مکمل طبی امداد فراہم کرنے کا انتظام کیا گیا ہے ۔اس مقصد کے لئے شہر کے تین بڑے پرائیوٹ ہسپتال جہاں تمام تر جدید طبی سہولیات میسر ہیں مریضوں کے فوری اور مکمل علاج کے انتظامات کیے گئے ہیں ۔

اس سلسلے میں پاک فوج ،ضلعی حکومتیں، رجسٹرڈ این جی اوز ،معزز شہری اور خود متاثرین عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے ایمرجنسی نمبر 111-153-153 اور 0333-3117311-7-8-9 پر رجوع کر سکتے ہیں ۔اس کے علاوہ خدا کی بستی میں شدید بارشوں کے باعث تباہ حال متاثرین کے لیے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی جانب سے تیسر ٹاؤن، کے لیاری ایکسپریس وے کے ری ہیبلیٹیشن یونٹ کے ایڈمن آفس میں قائم کردہ ڈسپنسری میں فوری علاج کی سہولت بھی فراہم کی جارہی ہے ۔

#